**AQF / Fazil**

**28-03-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ جو لوگ قومی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، اُنہیں بھارت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

-2 جموں وکشمیر کے کٹھوا ضلع میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں 3 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔

-3 اسرو نے SpaDex مشن کے اپنے حصے کے طور پر Rolling تجربے کو کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا ہے۔

-4 حکومت نے پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار 2025 کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔

-5 Chile کے صدر Gabriel Boric Font پہلی اپریل سے بھارت کا 5 روزہ دورہ کریں گے۔

-6 اور بھارتی خواتین نے اُردن کے عمّان میں سینئر ایشیائی کُشتی چمپئن شپ میں چاندی کا ایک اور کانسے کے دو تمغے جیتے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**AMIT SHAH**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ جن لوگوں سے قومی سلامتی کو خطرہ لاحق ہوگا، انہیں بھارت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ Immigration اور غیر ملکیوں سے متعلق بل-2025 پر بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چاہے روہنگیا ہوں یا بنگلہ دیشی، اگر وہ بھارت بدامنی پیدا کرنے کیلئے آتے ہیں، تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ جناب شاہ نے کہا کہ ملک کوئی دھرمشالہ نہیں ہے، جہاں کوئی بھی اپنی خواہش کے مطابق رہ سکے۔

بعد میں یہ بل لوک سبھا سے منظور ہوگیا۔ اس بل کا مقصد Immigration سے متعلق قوانین کو جدید بنانا ہے اور اس میں پاسپورٹ، سفری دستاویزات، ویزا اور رجسٹریشن سے متعلق مرکزی حکومت کیلئے مخصوص اختیارات کی گنجائش ہے۔ یہ بل ایک جیسے کئی قوانین سے بچنے کیلئے لایا گیا ہے۔×

## LS-COOPERATIVE TAXI

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے اعلان کیا ہے کہ حکومت 'سہکار' ٹیکسی شروع کرے گی، جو امداد باہمی اداروں کے ذریعے Uber اور Ola کی طرز پر چلائی جانے والی سروس ہے۔ لوک سبھا میں بحث کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ یہ پہل "سہکار سے سمردھی" یعنی کوآپریٹیو کے ذریعے خوشحالی کے عین مطابق ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چند مہینوں میں ایک بہت بڑی کوآپریٹو ٹیکسی سروس شروع کی جائے گی، جس میں دو پہیہ گاڑیوں، ٹیکسی، رکشوں اور چار پہیہ گاڑیوں کا رجسٹریشن ممکن ہو سکے گا اور اس کا منافع براہِ راست ڈرائیور کو حاصل ہوگا۔

جناب شاہ نے اس بات پر زور دیا کہ "سہکار سے سمردھی" صرف ایک نعرہ نہیں ہے۔ امدادِ باہمی کی وزارت نے اسے پورا کرنے کے لیے گزشتہ ساڑھے تین سال میں دن رات کام کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جلد ہی ایک کوآپریٹو انشورنس کمپنی قائم کی جائے گی، جو ملک کے کوآپریٹو سسٹم کے اندر انشورنس کا نظام سنبھالے گی۔×

## J&K ENCOUNTER

جموں وکشمیر میں کل رات کٹھوعہ ضلع کے Sufain جنگلاتی علاقے کے Juthana میں ایک تصادم میں تین دہشت گرد اور اتنی ہی تعداد میں سکیورٹی دستوں کے اہلکار ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے ایک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور ایک پیرا کمانڈو سمیت 4 سکیورٹی اہلکار زخمی ہوئے ہیں۔ کل صبح یہ تصادم اُس وقت شروع ہوا، جب Sufain جنگلاتی علاقے میں تلاش کی ایک کارروائی کے دوران سکیورٹی دستوں کا دہشت گردوں کے ایک گروپ سے سامنا ہوا۔ تین دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا، تاہم ان کی لاشیں ابھی برآمد نہیں ہوئی ہیں۔ علاقے میں کُمک بھیج دی گئی ہے اور دہشت گردوں نے سکیورٹی اہلکاروں پر شدید فائرنگ کی۔ تصادم کی یہ جگہ اُس مقام سے تقریباً 30 کلو میٹر دور ہے، جہاں بین الاقوامی سرحد سے متصل ہیرانگر سیکٹر کے سانیال گاؤں میں 23 مارچ کو پانچ دہشت گردوں کو اِس سے پہلے دیکھا گیا تھا۔ اس کے بعد محاصرے اور تلاش کی کارروائی شروع کی گئی لیکن دہشت گرد گولی باری کے بعد بچ نکلنے میں کامیاب ہوگئے۔ اس کے بعد سے کئی سطح پر مبنی تلاش کارروائی جاری ہے۔

## UP-POLICE EID

اترپردیش پولیس کے ڈائریکٹر جنرل پرشانت کمار نے آئندہ عیدالفطر کے تہوار کے دوران امن وقانون کی صورتحال کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی سے متعلق رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔ یہ ہدایات ریاست بھر میں پولیس کے سبھی زونل ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرلس، پولیس کمشنرز، علاقائی انسپکٹرس جنرل، ڈپٹی انسپکٹرس جنرل، پولیس کے سینئر سپرنٹنڈنٹ اور پولیس کے سپرنٹنڈنٹس کو جاری کی گئی ہیں۔ رہنما خطوط کے مطابق شناخت شدہ حساس علاقوں میں سکیورٹی سے متعلق تعیناتی، پولیس بندوبست، زون اور سیکٹر اسکیم کے تحت کی جانی چاہئے۔

حکام کو کسی بھی نئی روایت کو متعارف کئے جانے سے باز رہنے اور احتیاطی اقدام کے تحت سماج دشمن عناصر کی ایک فہرست کو اب ڈیٹ کئے جانے کی ہدایاتبن بھی دی گئی ہیں۔DGP نے امن کمیٹیوں کے ممبروں اور مذہبی رہنماؤں کا تعاون حاصل کرنے کیلئے میٹنگیں کئے جانے پر زور دیا ہے۔سینئر حکام کو سبھی جگہوں کا دورہ کرنے، مناسب پولیس اور PAC فورسز کے ساتھ فلیگ مارچ کرنے اور دستیاب CAPF کو شامل کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔×

**ISRO-ROLLING EXPERIMENT**

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اسرو نے اپنے خلائی ڈاکنگ تجربے SpaDeX مشن کے حصے کے طور پر رولنگ کا تجربہ کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔ اس کی تصدیق کرتے ہوئے، اسرو کے چیئرمین وی نارائن نے کہا کہ اسرو کو مختلف حالات میں ڈاکنگ کی ضرورت ہوگی، جن میں سے کچھ کو موجودہ مشن کے حصے کے طور پر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ- V/C - Vishnu

رولنگ یا گھومنے کا تجربہ، اسرو کو یہ سمجھنے میں مدد کرے گا کہ ڈاکنگ کے لیے مختلف سمت سے کسی چیز کو مطلوبہ جگہ پر لانے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے اسرو کو یہ جاننے میں بھی مدد ملے گی کہ آیا ڈاکنگ کا تجربہ عمودی طور پر کیا جا سکتا ہے۔ یہ تجربہ چندریان-4 جیسے مستقبل کے مشنوں کے لیے نہایت اہم ہے۔ یہ تجربہ قیمتی ڈیٹا فراہم کرے گا اور اسرو کو متعدد سافٹ ویئر اور گراؤنڈ اسٹیشن کنٹرول کی توثیق کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ اس سے قبل 13 مارچ کو، اسرو نے SpaDEx مشن کے ایک حصے کے طور پر دو سیٹلائٹس کی Undocking کو کامیابی کے ساتھ مکمل کیا تھا۔ یہ کامیابی بھارت کے خلائی تحقیق کے سفر میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسرو کے چیئرمین وی نارائن نے کہا کہ اسرو SpaDeX مشن کے حصے کے طور پر مزید ڈاکنگ کرے گا۔

وشنو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

**BREAK**

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**GONG**

**BAL PURASKAR APPLICATION**

خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت نے پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار کے لیے درخواستیں طلب کی ہیں۔

درخواست گزار پہلی اپریل سے National Awards Portal کے ذریعے درخواستیں دے سکتے ہیں۔ ایک بیان میں وزارت نے کہا کہ کوئی بھی بچہ جو بھارت میں رہائش پذیر بھارتی شہری ہے اور جس کی عمر 5 سال اور 31 جولائی 2025 تک 18 سال سے زیادہ نہیں ہے وہ اِن ایوارڈز کا اہل ہے۔

وزارت بہادری، کھیل کود، سماجی خدمت، سائنس اور ٹیکنالوجی، ماحولیات، فنون اور ثقافت میں نمایاں حصولیابیوں کیلئے غیر معمولی صلاحیت کے حامل بچوں کو اعزاز دینے کیلئے ہر سال پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار کا اہتمام کرتی ہے۔ آن لائن درخواست دینے کی آخری تاریخ 31 جولائی ہے۔×

## MP-UP DEVELOPMENT

مدھیہ پردیش حکومت ریاست کے فطری، روحانی اور ثقافتی ورثے کو اُتر پردیش میں بڑے مذہبی مقامات سے جوڑنے کے اقدامات پر کام کر رہی ہے۔ مدھیہ پردیش کا سیاحت سے متعلق بورڈ گنگا نرمدا سیاحتی راہداری کے فروغ پر توجہ مرکوز کر رہا ہے۔ جس کا مقصد مدھیہ پردیش اور اُتر پردیش کے درمیان سیاحتی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Sanjeev Sharma**

*سیاحت، ثقافتی اور مذہبی ٹرسٹ کے پرنسپل سکریٹری شیو شیکھر شکلا نے بتایا ہے کہ گنگا نرمدا سیاحتی راہداری پریاگ راج، وارانسی، ایودھیا، کانپور اور آگرہ کو مدھیہ پردیش میں* **Maihar Bhedaghat**، *اوم کاریشور اور مہا کالیشور جیوتر لنگاس سے جوڑے گا۔ اس کے علاوہ چترکوٹ کو ایودھیا سے جوڑنے کے لیے* **Ram Path Gaman** *کاریڈور تیار کیا جا رہا ہے۔ مدھیہ پردیش کی* **GDP** *میں سیاحت کا تقریباً تین اعشاریہ تین پانچ فیصد حصہ ہے۔ ریاستی حکومت کا مقصد سال* **2028** *تک اِسے بڑھاکر چار سے پانچ فیصد تک کرنا اور* **2047** *تک اِسے* **8** *سے* **10** *فیصد تک کرنا ہے۔*

*بھوپال سے سنجو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کے لیے میں ......*

## PM BELGIUM KING

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل بیلجیم کے شاہ فلِپ سے فون پر بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے مضبوط باہمی رشتوں کو مزید وسعت دینے، تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے نیز اختراع اور پائیداریت کے شعبوں میں اشتراک و تعاون بڑھانے پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب مودی نے شہزادی Astrid کی قیادت میں Belgium کے حالیہ اقتصادی مشن کی بھی ستائش کی۔×

**PM-JAPAN DELEGATION**

وزیراعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں کارپوریٹ ایگزیکیٹو کی جاپان ایسوسی ایشن کے چیئرپرسن **Takeshi Niinami** کی قیادت میں ایک اعلیٰ اختیاراتی وفد سے ملاقات کی، تاکہ بھارت اور جاپان کے درمیان اقتصادی تعاون کو گہرا کرنے کیلئے ان کے خیالات ونظریات حاصل کئے جاسکیں۔

بات چیت کے دوران دوطرفہ تجارت کو مستحکم کرنے، سرمایہ کاری کے موقعوں کو بڑھانے اور زراعت، بحری اشیاء، خلاء، دفاع، بیمہ، ٹیکنالوجی، بنیادی ڈھانچے، شہری ہوا بازی، صاف ستھری توانائی، نیوکلیائی توانائی اور **MSME** شراکت داری جیسے کلیدی شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ میٹنگ کے دوران وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت-جاپان کی خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری کو اجاگر کیا اور ایک کاروباری دوستانہ ماحول فراہم کرنے کیلئے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا۔×

**CHILE PRESIDENT VISIT**

جمہوریہ چلی کے صدر **Gabriel Boric Font** پہلی اپریل سے بھارت کا **5** روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ اُن کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطحی وفد ہوگا، جو وزراء، اراکین پارلیمنٹ، سینئر حکام، کاروباری انجمنوں، میڈیا اور بھارت-چلی ثقافتی رابطے کی سرکردہ شخصیات پر مشتمل ہوگا۔ صدر کی حیثیت سے جناب **Boric** کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔

ایک رپورٹ ۔ **V/C - Priya**

*صدر بورِک اپنے دورے کے دوران پہلی اپریل کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ بات چیت کریں گے، جس میں بھارت-چلی تعلقات کے تمام تر پہلوؤں کا احاطہ کیا جائے گا۔ وزیراعظم دورے پر آئے معزز مہمان کے اعزاز میں ایک ظہرانے کا اہتمام کریں گے۔ صدر بورِک، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے، جو اُن کے اعزاز میں ایک عشائیے کا اہتمام کریں گی۔ صدر بورِک **5** اپریل کو چلی روانہ ہونے سے قبل آگرہ، ممبئی اور بنگلورو جائیں گے۔ جناب بورِک کا ممبئی اور بنگلورو میں سیاسی لیڈرشپ، کاروباری اور صنعتی نمائندوں، اِسٹارٹ اَپس، اختراع کاروں اور ٹیکنالوجی لیڈروں سے ملاقات کا پروگرام ہے۔ بھارت کے چلی کے ساتھ سرگرم اور دوستانہ روایتی تعلقات رہے ہیں۔ چلی لاطینی امریکی خطے میں بھارت کا ایک اہم شراکت دار ہے۔ دونوں ممالک مختلف بین الاقوامی امور پر یکساں نظریات رکھتے ہیں، جن میں* **UNSC** *اصلاحات، آب و ہوا کی تبدیلی، قابلِ تجدید توانائی اور دہشت گردی شامل ہے۔ چلی لاطینی امریکہ اور کریبیائی خطّے میں بھارت کا ایک اہم تجارتی شراکت دار بھی ہے۔ صدر بورِک کے آئندہ سرکاری دورے سے باہمی تعلقات کا تفصیلی جائزہ لینے اور عالمی*

علاقائی مشکلات سے نمٹنے کا ایک موقع فراہم ہوگا، جو دونوں ملکوں کے لیے نہایت اہم ہے۔

نئی دلّی سے پریا منڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

**EUROPE MEET ON UKRAIN**

پیرس میں اہم یوریپین رہنماؤں نے یوکرین کے لیے چوتھی امن و سلامتی سے متعلق میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ کے بعد ایک پریس کانفرنس میں یوکرین کے صدر ولادمیر زیلینسکی نے کہا کہ شرکت کرنے والے سبھی ملکوں نے اس بات کی حمایت کی کہ جنگ ختم ہونے تک روس کے خلاف پابندیاں نہیں ہٹائی جائیں گی۔ جناب زیلینسکی نے مزید کہا کہ میٹنگ کے دوران انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ روس کی وجہ سے جنگ اب بھی جاری ہے، جس کا موقف صاف ہے کہ جنگ جاری رکھی جائے اور سفارت کاری میں تاخیر کی جائے۔ یوروپین کمیشن کی صدر **Ursula Von Der Leyen** نے کہا کہ یہ سمٹ یوروپین اتحاد کا ایک اور مظاہرہ ہے۔ ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ یوکرین کی اقتصادی اور فوجی مدد کے سلسلے میں وسیع تر تبادلہ خیال ہوا ہے۔×

**AUSTRALIA POLLS**

آسٹریلیا کے وزیراعظم جناب **Anthony Albanese** نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں اس سال 3 مئی کو عام انتخابات ہوں گے۔ جناب **Albanese** نے گورنر جنرل **Sam Mostyn's** کی سرکاری رہائش گاہ سے چلنے کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک نیوز کانفرنس کے دوران یہ اعلان کیا۔ ایک ویڈیو پیغام میں آسٹریلیا کے وزیراعظم نے اگلی مدت میں اقتدار میں آنے کیلئے بہت سے وعدے کئے اور ووٹروں سے زور دے کر کہا کہ وہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

اصل مقابلہ وزیراعظم **Albanese** کی سینٹر لیفٹ لیبر پارٹی اور اپوزیشن کے اُن کے اہم لیڈر **Peter Dutton's** کے کنزرویٹو اتحاد کے درمیان ہے۔ آسٹریلیا میں مہنگی طرز زندگی، مکانات کی کمی اور بڑھتے ہوئے شرح سود اہم معاملات ہیں۔

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے **IMD** نے آج اندرونی اڈویشہ کے کچھ مقامات پر گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ ساحلی آندھرا پردیش اور **Yanam** میں بھی دن بھر گرمی اور حبس کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل تک اروناچل پردیش کے حصوں میں شدید بارش یا برفباری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ کیرالہ، **Mahe**، جنوبی اندرونی کرناٹک، آسام، میگھالیہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ **IMD** نے کہا ہے کہ آج مغربی راجستھان میں دھول بھری ہوائیں چل سکتی ہیں۔×

**TRUMP-IFTAR DINNER**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس کے اسٹیٹ ڈائننگ روم میں افطار ڈنر میں شرکت کی۔ مہمانوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب ٹرمپ نے صدارتی انتخابات میں ان کی پارٹی کو حمایت دینے کے لیے امریکی مسلمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ جناب ٹرمپ نے مزید کہا کہ ان کی انتظامیہ مسلم برادری سے کیے گئے وعدوں پر قائم ہے۔ اس کے علاوہ وہ مشرقِ وسطیٰ میں امن قائم کرنے میں بھی مصروف ہے۔

**SENIOR ASIAN WRESTLING**

اُردن کے عمان میں سینئر ایشیائی کشتی چمپئن شپ میں کل مقابلے کے تیسرے روز بھارت نے سونے کا ایک اور کانسے کے دو تمغے جیتے۔ بھارت کی خواتین کشتی کھلاڑیوں نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور Reetika نے چاندی کا جبکہ مسکان اور مانسی Lather نے کانسے کا ایک ایک تمغہ حاصل کیا۔ 76 کلو گرام کے زُمرے میں Reetika نے چمپئن شپ کا پہلا چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ البتہ وہ کرغستان کی کھلاڑی سے سونے کے تمغے کیلئے مقابلہ چھ-سات کے معمولی فرق سے ہار گئیں۔ مسکان نے 59 کلوگرام کے زمرے میں بھارت کیلئے پہلا کانسے کا تمغہ جیتا، جبکہ مانسی نے 68 کلو گرام میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔اب تک بھارت اس چمپئن شپ میں کُل پانچ تمغے جیت چکا ہے، جن میں چاندی کا ایک اور کانسے کے 4 تمغے شامل ہیں۔×

**IPL-CRICKET**

انڈین پریمئر لیگ IPL میں کل رات حیدرآباد میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے سنرائزرس حیدرآباد کو پانچ وکٹ سے ہرادیا۔ حیدرآباد نے لکھنؤ کو 191 رن کا جیت کا نشانہ دیا تھا، جسے اُس نے 16 اوور اور ایک گیند میں 5 وکٹ کے نقصان حاصل کرلیا۔ لکھنؤ کیلئے Nicholas Pooran نے سب سے زیادہ 70 رن بنائے، جبکہ Mitchell Marsh نے 52 رن اسکور کئے۔ حیدرآباد کیلئے کپتان پیٹ کمنس نے دو وکٹ حاصل کئے۔

آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں، چنئی سپر کنگس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... محمد عمار

شکریہ - ارجمند علی خان

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے امیگریشن اور غیر ملکیوں سے متعلق بل-2025 کو لوک سبھا میں منظور کئے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ یہ بل قومی سلامتی کو مستحکم کرنے کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔ اخباروں نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے کہ جموں وکشمیر میں حریت سے وابستہ لیڈرس اب علیحدگی پسندی ترک کررہے ہیں۔

روزنامہ ملاپ نے راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور چھتیس گڑھ ہائی کورٹس میں 10 مستقبل ججوں کی تقرری کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزارت دفاع کے ذریعہ فوج کیلئے 2 ہزار 500 کروڑ روپے کی مالیت کے ناگ میزائل سسٹم اور ہلکی گاڑیاں خریدنے کے معاہدے پر دستخط کئے جانے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخباروں نے سائبر جرائم پر حکومت کی کارروائی کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کے مطابق 7 لاکھ 81 ہزار سم کارڈ اور 83 ہزار واٹس ایپ اکاؤنٹ بلاک۔

اخباروں کی کچھ دیگر خبریں ہیں:

☆ کٹرہ- سری نگر ٹرین سروس جلد شروع ہوگی۔

☆ دلّی سرکار کا فزکس والا سے معاہدہ، سرکاری اسکولوں میں زیر تعلیم طلباء کو مفت کوچنگ کی سہولت ملے گی۔×

---

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ جو لوگ قومی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، اُنہیں بھارت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

2- جموں و کشمیر کے کٹھوا ضلعے میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں 3 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔

3- اسرو نے SpaDex مشن کے اپنے حصے کے طور پر Rolling تجربے کو کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا ہے۔

4- حکومت نے پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار 2025 کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔

5- Chile کے صدر Gabriel Boric Font پہلی اپریل سے بھارت کا 5 روزہ دورہ کریں گے۔

6- اور بھارتی خواتین نے اُردن کے عمّان میں سینئر ایشیائی کُشتی چمپئن شپ میں چاندی کا ایک اور کانسے کے دو تمغے جیتے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---